BAUL(N) - D - 331

بی.اے.اُردو

سمسٹرپنجم

BACHELOR OF ARTS (URDU)

FIFTH SEMESTER

# اُردوڈزرٹیشن

# DISSERTATION IN URDU



اُتراکھنڈاوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی (نینی تال)

SCHOOL OF HUMANITIES

UTTARAKHAND OPEN UNIVERSITY

HALDWANI (NAINITAL) - 263139

# بی۔اے۔اُردو

# BACHELOR OF ARTS (URDU)

## سالِ سوم

## THIRD YEAR

## سمسٹر پنجم

## FIFTH SEMESTER

## بی۔اے۔یو۔ایل۔(این۔) - ۳۳۱ - اُردو ڈزرٹیشن

## BAUL(N) - D - 331, DISSERTATION IN URDU

اُترا کھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی (نینی تال)

**SCHOOL OF HUMANITIES**

**UTTARAKHAND OPEN UNIVERSITY**

**HALDWANI (NAINITAL) - 263139**

سرپرستِ اعلیٰ:

پروفیسر نوین چندر لوہنی، وائس چانسلر، اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی۔

کمیٹی بورڈ آف اِسٹڈیز:

پروفیسر رینو پرکاش، ڈائریکٹر اسکول آف ہیومنٹیز، اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی(UOU)، ہلدوانی۔

پروفیسر توقیر احمد خاں، ریٹائرڈ پروفیسر شعبۂ اُردو، دہلی یونی ورسٹی، دہلی۔

پروفیسر سید محمد ارشد رضوی، گورنمنٹ رضا پی۔جی۔کالج، رام پور، اُتر پردیش۔

ڈاکٹر شہپر شریف، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اُردو، اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی۔

محمد افضل حسین، اسسٹنٹ پروفیسر و کورس کوآرڈِنیٹر شعبۂ اُردو، اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی۔

رجسٹرار:

شری کھیم راج بھٹ، اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی۔

کورس کوآرڈِنیٹر و ایڈیٹر:

محمد افضل حسین (اُستاد بریلوی)، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اُردو، اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی۔

©جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

یہ کتابچہ ''اُتراکھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی'' کے بی۔اے۔ اُردو سالِ سوم، سمسٹر پنجم، اُردو ڈزرٹیشن کے نصاب کا جزو ہے۔ مزید معلومات کے لئے یونی ورسٹی حکام یا صدرِ شعبۂ اُردو سے یونیورسٹی کے حسبِ ذیل پتے پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔

**DEPARTMENT OF URDU**

**UTTARAKHAND OPEN UNIVERSITY**

**UNIVERSITY ROAD, BEHIND TRANSPORT NAGAR (TEENPANI BYPASS)**

**HALDWANI - 263139 (NAINITAL) Phone : 05946 - 261122**

# BAUL(N) – D – 331 - DISSERTATION IN URDU


## Board of Studies

**Prof. Renu Prakash**
Director, School of Humanities,
Uttarakhand Open University, Haldwani

**Prof. Tauqeer Ahmad Khan**
Rtd. Professor, Department of Urdu
University of Delhi, New Delhi

**Prof. Syed Mohammad Arshad Rizvi**
Department of Urdu,
Govt. Raza Post Graduate College, Rampur

**Mohammad Afzal Husain**
Head, Department of Urdu
Uttarakhand Open University, Haldwani

**Dr. Shahpar Shareef**
Assistant Professor, Department of Urdu
Uttarakhand Open University, Haldwani

## Vice Chancellor

**Professor Naveen Chandra Lohani**
Uttarakhand Open University,
Teen Pani By-pass Road, Haldwani - 263139

## Registrar

**Shri Khemraj Bhatt**
Uttarakhand Open University,
Teen Pani By-pass Road, Haldwani - 263139


## Programme Coordinator & Chief Editor


**Mohammad Afzal Husain**
Head, Department of Urdu
Uttarakhand Open University, Haldwani


## Cover Page Design and Format Editing


**Dr. Shahpar Shareef**
Assistant Professor, Department of Urdu
Uttarakhand Open University, Haldwani (Nainital)
+91 9027699292 sshareef@uou.ac.in

## (Outline of Research Dissertation work and guidelines for Research Dissertation work for BAUL(N)-D-331, Fifth Semester of BA-23 course conducted under National Education Policy-2020)

### ریسرچ پروجیکٹ کے رہنما اصول مرتب کرنے والی کمیٹی

### (Committee for Preparing Research Dissertation Guidelines)

| S.No. | Experts Name and Designation | Mobile Number | e-mail |
|---|---|---|---|
| 1 | Prof Girija Pandey<br>(Director) School of Humaities | N.A. | N.A. |
| 2 | Mohd Afzal Husain<br>Assistant Professor (AC) | 8171555455 | ahusain@uou.ac.in |
| 3 | Dr. Shahpar Shareef<br>Assistant Professor (AC) | 9027699292 | sshareef@uou.ac.in |
| 4 | Ghulam Jilani<br>Assistant Professor (AC) | 9721631768 | gjilani@uou.ac.in |
| 5 | Shane Ali<br>Assistant Professor (AC) | 9917160447 | sali@uou.ac.in |

# डिज़र्टेशन के लिए रहनुमा उसूल
*(Guidelines for Dissertation Work)*

## तलबा के लिए रहनुमा हिदायात :

- बी.ए. पंचम सेमेस्टर के तलबा के लिए डिज़र्टेशन (तहक़ीक़ी मक़ाला) एक लाज़िमी तालीमी जुज़ है। इस मक़सद के लिए तलबा को शोबा-ए-उर्दू के मजाज़ असातिज़ा से रहनुमाई हासिल करना ज़रूरी है। तलबा को अपने मुक़र्रर सुपरवाइज़र / फ़ैसिलिटेटर (Facilitator) से बाक़ायदा राब्ता क़ायम रखना होगा ताकि तहक़ीक़ के दौरान मुनासिब रहनुमाई, मशवरा और तालीमी मुआवनत हासिल हो सके।
- तलबा को सबसे पहले अपना डिज़र्टेशन प्रोपोज़ल (Dissertation Proposal) तैयार करना होगा और उसे यूनिवर्सिटी को सिर्फ़ सॉफ़्ट कॉपी (PDF) की सूरत में ज़ैल ई-मेल आईडी पर इरसाल करना होगी: dou@uou.ac.in
- शोबा-ए-उर्दू, उत्तराखण्ड ओपन यूनिवर्सिटी की जानिब से मौसूल डिज़र्टेशन प्रोपोज़ल का तफ़्सीली जायज़ा लिया जाएगा और उससे मुतअल्लिक़ ज़रूरी हिदायात और तजावीज़ फ़राहम की जाएँगी। नज़र-ए-सानी शुदा प्रोपोज़ल और उस पर दी गई आरा (Feedback) को यूनिवर्सिटी की सरकारी वेबसाइट पर प्रोपोज़ल जमा कराने की आख़िरी तारीख़ के एक हफ़्ते बाद अपलोड किया जाएगा।
- जिन तलबा के डिज़र्टेशन प्रोपोज़ल को यूनिवर्सिटी की जानिब से मुस्तरद कर दिया जाएगा, उन्हें तजवीज़ कर्दा इस्लाहात की रौशनी में अपने प्रोपोज़ल में तरमीम कर के एक हफ़्ते के अंदर दुबारा सिर्फ़ सॉफ़्ट कॉपी की सूरत में यूनिवर्सिटी को इरसाल करना होगा।
- किसी भी सूरत में ऐसा डिज़र्टेशन क़बूल नहीं किया जाएगा जिसका मुतअल्लिक़ा प्रोपोज़ल या तो मुस्तरद हो चुका हो या जिसे बाक़ायदा मंज़ूरी हासिल न हुई हो।
- तलबा को अपना तहक़ीक़ी काम सिर्फ़ उसी वक़्त शुरू करना चाहिए जब यूनिवर्सिटी की जानिब से प्रोपोज़ल की बाक़ायदा मंज़ूरी हासिल हो जाए।
- डिज़र्टेशन प्रोपोज़ल के साथ सुपरवाइज़र / फ़ैसिलिटेटर का मुख़्तसर तआरुफ़ी ख़ाका (Bio-data) मुनसलिक़ करना लाज़िमी है।

- बायोडाटा के बग़ैर इरसाल किए गए प्रोपोज़ल किसी भी सूरत में क़बूल नहीं किए जाएँगे।
- यूनिवर्सिटी को इरसाल किया गया डिज़र्टेशन प्रोपोज़ल तलबा को वापस नहीं किया जाएगा।
- तलबा से तवक़्क़ो की जाती है कि वह अपना तहक़ीक़ी काम आज़ादाना और ख़ुद अंजाम दें। नक़ल, सरक़ा (Plagiarism) या किसी दूसरे के काम से तर्जुमा या अख़्ज़ शुदा मवाद किसी भी सूरत में क़ाबिले-क़बूल नहीं होगा।
- अगर यूनिवर्सिटी को यह मालूम होता है कि दो या ज़्यादा तलबा ने एक जैसे या बहुत ज़्यादा मुशाबेह उनवानात और मवाद पर डिज़र्टेशन जमा कराया है, या किसी तालिब-ए-इल्म ने किसी दूसरे तालिब-ए-इल्म के काम का तर्जुमा या तरमीम-शुदा नुस्ख़ा पेश किया है, तो ऐसी सूरत में डिज़र्टेशन मुस्तरद और मंसूख़ कर दिया जाएगा।
- डिज़र्टेशन की रहनुमाई के सिलसिले में तलबा से किसी भी क़िस्म की फ़ीस वसूल नहीं की जाएगी।
- डिज़र्टेशन उर्दू ज़बान में, सिंगल स्पेस, फ़ॉन्ट साइज़ 16, A4 साइज़ पेपर पर तैयार किया जाना चाहिए। टाइपिंग मुकम्मल होने के बाद डिज़र्टेशन की बारिक-बीनी से प्रूफ़-रीडिंग की जाए और तमाम तबाअती, लिसानी और फ़ॉर्मेटिंग ग़लतियों की इस्लाह की जाए।
- डिज़र्टेशन के तमाम सफ़हात पर सफ़्हा नंबर दर्ज होना लाज़िमी है।
- डिज़र्टेशन को हार्ड कवर बाइंडिंग में जमा कराना ज़रूरी है।
- डिज़र्टेशन के सर-ए-वरक़ (First Page) पर ज़ेल तफ़्सीलात वाज़ेह तौर पर दर्ज होनी चाहिए:

  – तालिब-इल्म का पूरा नाम

  – एनरोलमेंट नंबर

  – स्टडी सेंटर का मुकम्मल पता

  – सुपरवाइज़र / फ़ैसिलिटेटर का पूरा नाम

  *(इसका नमूना रहनुमाई किताबचे के आख़िर में दिया गया है)*
- तलबा को किताबचे के आख़िर में दिए गए तीनों प्रोफ़ॉर्मा मुकम्मल तौर पर भर कर डिज़र्टेशन के साथ मुनसलिक़ करना लाज़िमी है।

- डिज़र्टेशन का तहक़ीक़ी काम बुनियादी (Primary Data) और / या सानवी (Secondary Sources) माख़ज़ पर मबनी होना चाहिए।
- तहक़ीक़ से मुतअल्लिक़ साबिक़ा लिटरेचर का मुताला निहायत ज़रूरी है। इस से न सिर्फ़ मौज़ू पर गिरफ़्त मज़बूत होती है बल्कि तहक़ीक़ी मेयार में भी नुमायाँ बेहतरी आती है।
- तलबा को डिज़र्टेशन की तीन कॉपियाँ तैयार करनी होंगी:

  – एक कॉपी यूनिवर्सिटी के लिए

  – एक कॉपी सुपरवाइज़र के लिए

  – एक कॉपी ज़ाती रिकॉर्ड के लिए
- उनवानात के लिए फ़ॉन्ट साइज़ 20 और ज़ेली उनवानात के लिए 18 (Noori Nastaliq) इस्तेमाल किया जा सकता है, जब कि अस्ल मत्न के लिए फ़ॉन्ट साइज़ 16 होना चाहिए। बहुत छोटा या बहुत बड़ा फ़ॉन्ट इस्तेमाल करने की सूरत में डिज़र्टेशन मुस्तरद की जा सकती है।
- डिज़र्टेशन कम से कम 60 सफ़हात पर मुश्तमिल होनी चाहिए और हार्ड बाउंड होना लाज़िमी है।
- हवाला-जात फ़ेहरिस्त (Bibliography / References) के बग़ैर पेश की गई कोई भी तहक़ीक़ी तहरीर किसी भी सूरत में क़बूल नहीं की जाएगी।
- तहक़ीक़ी प्रोपोज़ल / ख़ाका पहले सुपरवाइज़र से मंज़ूर-शुदा होना चाहिए और उसके बाद तालिब-ए-इल्म और सुपरवाइज़र दोनों के अस्ल दस्तख़तों के साथ मुक़र्रेरा मुद्दत के अंदर शोबा-ए-उर्दू, उत्तराखण्ड ओपन यूनिवर्सिटी को ज़ाती तौर पर या रजिस्टर्ड डाक के ज़रिए इरसाल करना होगा। मुक़र्रेरा तारीख़ की ख़िलाफ़वरज़ी की सूरत में प्रोपोज़ल क़बूल नहीं किया जाएगा और इसकी पूरी ज़िम्मेदारी तालिब-ए-इल्म पर आइद होगी।
- सिर्फ़ वही असातिज़ा सुपरवाइज़र बनने के अहल होंगे जो:

– पी-एच.डी. की डिग्री रखते हों

– किसी यूनिवर्सिटी या कॉलेज में मुस्तक़िल, आरज़ी या कॉन्ट्रैक्चुअल बुनियाद पर तदरीसी ख़िदमात अंजाम दे रहे हों

– तहक़ीक़ या प्रोजेक्ट की रहनुमाई का कम से कम दो साल का तजुर्बा रखते हों

*(अलबत्ता उत्तराखण्ड ओपन यूनिवर्सिटी में ख़िदमात अंजाम देने वाले शोबा-ए-उर्दू के असातिज़ा के लिए दो साल के तजुर्बे की शर्त लागू नहीं होगी)*

- डिज़र्टेशन कुल 100 नंबर पर मुश्तमिल होगा :

  – 70 नंबर तहरीरी डिज़र्टेशन के

  – 30 नंबर वाइवा-वोसे (ज़बानी इम्तिहान) के

  वाइवा इम्तिहान में शामिल होने के लिए तालिब-ए-इल्म को तहरीरी डिज़र्टेशन में कम से कम 50 फ़ीसद नंबर हासिल करना लाज़िमी है। 50 फ़ीसद से कम नंबर की सूरत में तालिब-ए-इल्म नाकाम तसव्वुर किया जाएगा और उसे अगले तालीमी सेशन में बैक-लॉग फ़ॉर्म भर कर दुबारा डिज़र्टेशन जमा कराना होगा।
- UGC के ज़वाबित के मुताबिक़ 10 फ़ीसद तक Plagiarism क़ाबिले-क़बूल है। डिज़र्टेशन को मोतबर सॉफ़्टवेयर से चेक कराना और Plagiarism Certificate मुनसलिक़ करना लाज़िमी है। 10 फ़ीसद से ज़्यादा सरक़े की सूरत में डिज़र्टेशन क़बूल नहीं की जाएगा।
- तहक़ीक़ी सुपरवाइज़र और डिज़र्टेशन का जायज़ा लेने वाले मुमतहिनीन को यूनिवर्सिटी के क़वाइद के मुताबिक़ इज़्ज़ाज़िया (Honorarium) अदा किया जाएगा।
- डिपार्टमेंट की सतह पर हर सेशन के लिए तहक़ीक़ी मौज़ूआत की फ़ेहरिस्त में ज़रूरत के मुताबिक़ तरमीम की जा सकती है।

## अहम तारीख़ें:

- डिज़र्टेशन से मुतअल्लिक़ तमाम अहम तारीख़ें यूनिवर्सिटी की सरकारी वेबसाइट पर जारी की जाएँगी।
- तलबा को अपना डिज़र्टेशन प्रोपोज़ल मुक़र्ररा ई-मेल आईडी dou@uou.ac.in पर ही इरसाल करना होगा।
- मुक़र्ररा आख़िरी तारीख़ के बाद जमा कराया गया कोई भी डिज़र्टेशन किसी भी सूरत में क़बूल नहीं किया जाएगा।
- आख़िरी तारीख़ के बाद जमा-शुदा डिज़र्टेशन सिर्फ़ अगले सेमेस्टर में बैक-पेपर इम्तिहान के ज़रिए ही क़ाबिले-ग़ौर होगा।

# ڈزرٹیشن کے لیے رہنما اصول

## (GUIDELINES FOR DISSERTATION WORK)

### طلبا کے لیے رہنما ہدایات:

- بی.اے. پنجم سمسٹر کے طلبا کے لیے ڈزرٹیشن (تحقیقی مقالہ) ایک لازمی تعلیمی جز ہے۔ اس مقصد کے لیے طلبا کو شعبۂ اُردو کے مجاز اساتذہ سے رہنمائی حاصل کرنا ضروری ہے۔ طلبا کو اپنے مقرر کردہ سپروائزر/فیسیلیٹیٹر (facilitator) سے باقاعدہ رابطہ قائم رکھنا ہوگا تاکہ تحقیق کے دوران مناسب رہنمائی، مشورہ اور تعلیمی معاونت حاصل ہو سکے۔

- طلبا کو سب سے پہلے اپنا ڈزرٹیشن پروپوزل (Dissertation Proposal) تیار کرنا ہوگا اور اسے یونیورسٹی کو درج ذیل ای میل آئی ڈی پر صرف سافٹ کاپی (PDF) کی صورت میں ارسال کرنا ہوگی:
  dou@uou.ac.in

- شعبۂ اُردو، اُتراکھنڈ اوپن یونیورسٹی کی جانب سے موصولہ ڈزرٹیشن پروپوزل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور اس سے متعلق ضروری ہدایات اور تجاویز فراہم کی جائیں گی۔ نظرثانی شدہ پروپوزل اور اس پر دی گئی آراء (Feedback) کو یونیورسٹی کی سرکاری ویب سائٹ پر پروپوزل جمع کرانے کی آخری تاریخ کے ایک ہفتے بعد اپ لوڈ کیا جائے گا۔

- جن طلبا کے ڈزرٹیشن پروپوزل کو یونیورسٹی کی جانب سے مسترد کر دیا جائے گا، انہیں تجویز کردہ اصلاحات کی روشنی میں اپنے پروپوزل میں ترمیم کر کے ایک ہفتے کے اندر دوبارہ صرف سافٹ کاپی کی صورت میں یونیورسٹی کو ارسال کرنا ہوگا۔

- کسی بھی صورت میں ایسا ڈزرٹیشن قبول نہیں کیا جائے گا جس کا متعلقہ پروپوزل یا تو مسترد ہو چکا ہو یا جسے باضابطہ منظوری حاصل نہ ہوئی ہو۔

- طلبا کو اپنا تحقیقی کام صرف اسی وقت شروع کرنا چاہیے جب یونیورسٹی کی جانب سے پروپوزل کی باضابطہ منظوری حاصل ہو جائے۔

- ڈزرٹیشن پروپوزل کے ساتھ سپروائزر/فیسیلیٹیٹر (facilitator) کا مختصر تعارفی خاکہ (Bio-data) منسلک کرنا لازمی ہے۔

- بایوڈیٹا کے بغیر ارسال کیے گئے پروپوزل کسی بھی صورت میں قبول نہیں کیے جائیں گے۔

- یونیورسٹی کو ارسال کیا گیا ڈزرٹیشن پروپوزل طلبا کو واپس نہیں کیا جائے گا۔

- طلبا سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنا تحقیقی کام آزادانہ اور خود انجام دیں گے۔ نقل، سرقہ (Plagiarism) یا کسی دوسرے کے کام سے ترجمہ یا اخذ شدہ مواد کسی بھی صورت میں قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

- اگر یونیورسٹی کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ دو یا زائد طلبا نے ایک جیسے یا بہت زیادہ مشابہ عنوانات اور مواد پر ڈزرٹیشن جمع کرایا ہے یا اگر کسی طالب علم نے کسی دوسرے طالب علم کے کام کا ترجمہ یا ترمیم شدہ نسخہ پیش کیا ہے، تو ایسی صورت میں ڈزرٹیشن کو مسترد اور منسوخ کر دیا جائے گا۔

- ڈزرٹیشن کی رہنمائی کے سلسلے میں طلبا سے کسی بھی قسم کی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔

- ڈزرٹیشن اُردو زبان میں، سنگل اسپیس، فونٹ سائز 16، A4 سائز پیپر پر تیار کیا جانا چاہیے۔ ٹائپنگ مکمل ہونے کے بعد ڈزرٹیشن کی باریک بینی سے پروف ریڈنگ کی جائے اور تمام طباعتی، لسانی اور فارمیٹنگ اغلاط کی اصلاح کی جائے۔

- ڈزرٹیشن کے تمام صفحات پر صفحہ نمبر درج ہونا لازمی ہے۔

- ڈزرٹیشن کو ہارڈ کور بائنڈنگ میں جمع کرانا ضروری ہے۔

- ڈزرٹیشن کے سرورق (First Page) پر درج ذیل تفصیلات واضح طور پر درج ہونی چاہئیں:

  طالب علم کا پورا نام
  انرولمنٹ نمبر
  اسٹڈی سینٹر کا مکمل پتہ
  سپروائزر رفیسیلیٹیٹر کا پورا نام
  (اس کا نمونہ اس رہنمائی کتابچہ کے آخر میں دیا گیا ہے)

- طلبا کو کتابچہ کے آخر میں دیے گئے تینوں پروفار ما مکمل طور پر پُر کر کے ڈزرٹیشن کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔

- ڈزرٹیشن کا تحقیقی کام بنیادی (Primary Data) اور ریا ثانوی (Secondary Sources) ماخذات پر مبنی ہونا چاہیے۔

- تحقیق سے متعلقہ سابقہ لٹریچر کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔ اس سے نہ صرف موضوع پر گرفت مضبوط ہوتی ہے بلکہ تحقیقی معیار میں بھی نمایاں بہتری آتی ہے۔

- طلبا کو ڈزرٹیشن کی تین کاپیاں تیار کرنی ہوں گی:
  - ایک کاپی یونیورسٹی کے لیے
  - ایک کاپی سپروائزر کے لیے
  - ایک کاپی ذاتی ریکارڈ کے لیے

- عنوانات کے لیے 20 اور ذیلی عنوانات کے لیے 18 فونٹ سائز (Noori Nastaliq) استعمال کیا جا سکتا ہے، جب کہ اصل متن کے لیے فونٹ سائز 16 ہونا چاہیے۔ بہت چھوٹا یا بہت بڑا فونٹ استعمال کرنے کی صورت میں ڈزرٹیشن مسترد کی جا سکتا ہے۔

- ڈزرٹیشن کم از کم 60 صفحات پر مشتمل ہونا چاہیے اور ہارڈ باؤنڈ ہونا لازمی ہے۔

- حوالہ جاتی فہرست (References / Bibliography) کے بغیر پیش کی گئی کوئی بھی تحقیقی تحریر کسی بھی صورت میں قبول نہیں کی جائے گی۔

- تحقیقی پروپوزل/خاکہ پہلے سپروائزر سے منظور شدہ ہونا چاہیے اور اس کے بعد طالب علم اور سپروائزر دونوں کے اصل دستخطوں کے ساتھ مقررہ مدت کے اندر شعبۂ اُردو، اتراکھنڈ اوپن یونیورسٹی کو ذاتی طور پر یا رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے ارسال کرنا ہوگا۔ مقررہ تاریخ کی خلاف ورزی کی صورت میں پروپوزل قبول نہیں کیا جائے گا اور اس کی مکمل ذمہ داری طالب علم پر عائد ہوگی۔

- صرف وہی اساتذہ سپروائزر بننے کے اہل ہوں گے جو:
  - پی ایچ۔ڈی۔ کی ڈگری رکھتے ہوں
  - کسی یونیورسٹی یا کالج میں مستقل، عارضی یا کانٹریکچول بنیاد پر تدریسی خدمات انجام دے رہے ہوں۔
  - تحقیق یا پروجیکٹ کی رہنمائی کا کم از کم دو سالہ تجربہ رکھتے ہوں۔

(البتہ اتراکھنڈ اوپن یونیورسٹی میں خدمات انجام دینے والے شعبۂ اُردو کے اساتذہ کے لیے دو سالہ تجربے کی شرط عائد نہیں ہوگی۔)

- ڈزرٹیشن کل 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس میں:
  - 70 نمبر تحریری ڈزرٹیشن کے
  - 30 نمبر ''واؤا ووسے'' (زبانی امتحان) کے ہوں گے

واؤا امتحان میں شامل ہونے کے لیے طالب علم کو تحریری ڈزرٹیشن میں کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کرنا لازمی ہے۔ 50 فیصد

سے کم نمبر حاصل کرنے کی صورت میں طالب علم ناکام تصور کیا جائے گا اور اسے اگلے تعلیمی سیشن میں بیک لاگ فارم بھر کر دوبارہ ڈزرٹیشن جمع کرانا ہوگا۔

- یو۔جی۔سی۔(UGC) کے ضوابط کے مطابق 10 فیصد تک Plagiarism قابلِ قبول ہے۔ ڈزرٹیشن کو معتبر سافٹ ویئر کے ذریعے چیک کرانا اور Plagiarism Certificate منسلک کرنا لازمی ہے۔ 10 فیصد سے زائد سرقے کی صورت میں ڈزرٹیشن قبول نہیں کیا جائے گا۔
- تحقیقی سپروائزرز اور ڈزرٹیشن کا جائزہ لینے والے ممتحنین کو یونیورسٹی کے قواعد کے مطابق اعزازیہ (Honorarium) ادا کیا جائے گا۔
- ڈپارٹمنٹ کی سطح پر ہر سیشن کے لیے تحقیقی موضوعات کی فہرست میں ضرورت کے مطابق ترمیم کی جاسکتی ہے۔

## اہم تاریخیں:

- ڈزرٹیشن سے متعلق تمام اہم تاریخیں یونیورسٹی کی سرکاری ویب سائٹ پر جاری کی جائیں گی۔
- طلبا کو اپنا ڈزرٹیشن پروپوزل مقررہ ای میل آئی ڈی dou@uou.ac.in پر ہی ارسال کرنا ہوگا۔
- مقررہ آخری تاریخ کے بعد جمع کرایا گیا کوئی بھی ڈزرٹیشن کسی بھی صورت میں قبول نہیں کیا جائے گا۔
- آخری تاریخ کے بعد جمع شدہ ڈزرٹیشن صرف اگلے سمسٹر میں بیک پیپر امتحان کے ذریعے ہی قابلِ غور ہوگا۔

✵

# تمہید

## (Introduction)

اُردوزبان وادب کے طلبا سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ نصابی مطالعے کے ساتھ ساتھ تحقیقی بصیرت، تنقیدی شعور اور تخلیقی صلاحیت کو بھی فروغ دیں۔ ڈزرٹیشن کا مقصد طلبا کو اُردو ادب کے مطالعے میں تحقیقی طریقۂ کار سے روشناس کرانا اور انہیں ادبی و سماجی مسائل پر سنجیدہ مطالعہ کا موقع فراہم کرنا ہے۔ یہ تحقیقی مقالہ طلبا کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنے گردوپیش کے ادبی، ثقافتی اور سماجی مظاہر کو اُردو ادب کے تناظر میں سمجھ سکیں۔ کلاسیکی اور جدید ادب، اصنافِ ادب، ادبی تحریکات، شخصیات، لسانی مطالعہ اور علاقائی ادب جیسے موضوعات پر تحقیق کی راہیں ہموار کرتا ہے۔

# مقصد

## (Purpose)

اُردو کے نصاب میں ڈزرٹیشن کو شامل کرنے کا بنیادی مقصد طلبا میں تحقیقی مزاج پیدا کرنا، علمی جستجو کو فروغ دینا اور انہیں اعلیٰ تعلیم و تحقیق کے لیے تیار کرنا ہے تاکہ وہ مستقبل میں تدریس، تحقیق، صحافت اور ادبی خدمات انجام دے سکیں۔

# اغراض ومقاصد

## (Objectives)

### بنیادی مقاصد:

- اُردو ادب کے منتخب موضوع پر تحقیقی مطالعہ
- تحقیقی مہارتوں کا فروغ
- تنقیدی وتجزیاتی فکر کی تربیت
- تخلیقی اور علمی صلاحیتوں کی نشوونما
- ادب اور سماج کے باہمی تعلق کو سمجھنا

### خصوصی مقاصد:

- تحقیقی مسئلہ کی نشان دہی
- سابقہ تحقیق کا جائزہ
- مفروضہ کی تشکیل

- تحقیقی خاکہ تیار کرنا
- مواد کا تجزیہ و تعبیر
- منظم تحقیقی رپورٹ کی تیاری

## ڈزرٹیشن سے مراد

## (Meaning of Dissertation)

ڈزرٹیشن دراصل ایک منظم، مربوط اور تحقیقی نوعیت کا علمی کام ہے جس کے ذریعے طالب علم کسی ایک منتخب موضوع پر گہرائی کے ساتھ مطالعہ، تجزیہ اور تحقیق انجام دیتا ہے۔ یہ عمل طلبا کو محض درسی کتابوں کے مطالعے تک محدود نہیں رکھتا بلکہ انہیں عملی تحقیق، مشاہدہ، تجزیہ اور نتائج اخذ کرنے کی تربیت فراہم کرتا ہے۔

اُردو ادب میں ڈزرٹیشن کی اہمیت اس لیے بھی دوچند ہو جاتی ہے کہ یہ طلبا کو ادبی متون کے ساتھ ساتھ سماجی، تہذیبی اور فکری پس منظر کو سمجھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس کے ذریعے طالب علم کلاسیکی اور جدید ادب، ادبی تحریکات، اصنافِ ادب اور ادبی شخصیات کا تنقیدی مطالعہ کر سکتا ہے۔

## اُردو میں ڈزرٹیشن کی اہمیت

## (Importance of Dissertation in Urdu)

**فعال تعلیم اور تنقیدی شعور:**

- عملی تحقیق: ڈزرٹیشن طلبا کو اُردو ادب کی تحقیقی روایت سے روشناس کراتا ہے، جس میں متون کا مطالعہ، مآخذ کی تلاش اور دلائل کی تشکیل شامل ہے۔
- مسلّمہ تصورات پر سوال: طلبا! معروف ادبی نظریات اور مستحکم آرا کا تنقیدی جائزہ لینا سیکھتے ہیں اور اُردو ادب میں مختلف نقطۂ نظر کو سمجھتے ہیں۔
- مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت: ادبی مسائل اور تحقیقی سوالات کے منطقی حل کی مشق ہوتی ہے۔

**نظریہ اور عمل کا ربط:**

- ادبی نظریات کا اطلاق: ساختیات، پس ساختیات، ترقی پسند تحریک، جدیدیت اور مابعد جدیدیت جیسے نظریات کو عملی تحقیق میں برتنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

- ادب کی عصری معنویت: طلبا یہ سمجھ پاتے ہیں کہ اُردو ادب سماجی، سیاسی اور تہذیبی تبدیلیوں کی عکاسی کس طرح کرتا ہے۔

**تحقیقی مہارتوں کا فروغ:**

- بنیادی مآخذ سے استفادہ: دوّاوین، مخطوطات، خطوط، ادبی رسائل اور انٹرویوز کے ذریعے تحقیق کی تربیت۔
- تحقیقی طریقِ کار: تقابلی مطالعہ، متن کا تجزیہ، سیاق وسباق کی تعیین۔
- ڈیجیٹل وسائل کا استعمال: آن لائن جرائد، ڈیجیٹل لائبریریاں اور تحقیقی ڈیٹا بیس۔

**اظہار و ابلاغ کی صلاحیت:**

- علمی اور تحقیقی تحریر کی مشق
- منطقی انداز میں نتائج پیش کرنا
- علمی گفتگو اور مکالمہ

**تہذیبی شعور اور شمولیت:**

- متنوع ادبی آوازوں کی تفہیم
- علاقائی اور حاشیہ بردار ادب کا مطالعہ
- صنفی اور سماجی حساسیت

**تخلیقی فکر اور جدت:**

- نئے تحقیقی زاویے
- بین العلومی (Interdisciplinary) مطالعہ
- ڈیجیٹل ہیومینٹیز سے ربط

**مستقبل کے امکانات:**

- تدریس اور تحقیق
- صحافت اور تنقید
- ترجمہ اور تدوین
- ثقافتی و ادبی اداروں میں خدمات

## بنیادی تصورات

## (Key Concepts in Urdu Research)

**متن اور سیاق** (Text and Context):

- ادبی متن کو اس کے تاریخی، سماجی اور تہذیبی پس منظر میں سمجھنا۔

**بین المتونیت** (Intertextuality):

- ایک متن کا دوسرے متون سے تعلق اور اثرات۔

**تنقیدی نظریات** (Critical Theories):

- ترقی پسند، جدید، مابعد جدید، نسائی اور مابعد نوآبادیاتی تنقید۔

**ادب اور سماج** (Literature and Society):

- ادب کا سماجی حقیقتوں سے تعلق۔

**روایت اور تجدید** (Tradition and Innovation):

- اُردو ادب میں روایت اور جدید رجحانات کا امتزاج۔

## ڈزرٹیشن کب اور کیسے شروع کیا جائے

## (When and How to Start Dissertation)

- مناسب موضوع کا انتخاب
- مجاز فسیلیٹیٹر سے رہنمائی
- ابتدائی مطالعہ اور نوٹس کی تیاری
- تحقیقی سوالات کی تشکیل
- پروپوزل کی تیاری اور منظوری

## موضوع/عنوان کا انتخاب اور فسیلیٹیٹر کی منظوری

**(Selection of Topic and Approval of Facilitator)**

- تحقیقی عمل کا پہلا اور اہم مرحلہ موضوع کا انتخاب ہے۔موضوع ایسا ہونا چاہیے جو نصاب کے دائرے میں ہو، تحقیقی اعتبار سے بامعنی ہو اور جس پر مناسب مواد دستیاب ہو۔
- فسیلیٹیٹر کا کردار تحقیق کی رہنمائی میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔لہٰذا فسیلیٹیٹر کی پیشگی منظوری ضروری ہے۔

## اُردو ڈزرٹیشن کے لیے موضوعات کا انتخاب

**(Selection of Topics for Urdu Dissertation)**

موضوع کے انتخاب میں درج ذیل نکات کو مدنظر رکھا جانا چاہیے:

- ذاتی دل چسپی
- تحقیقی سوال کی وضاحت
- مواد اور مآخذ کی دست یابی
- موضوع کی عصری اہمیت
- وقت اور وسائل کی مناسبت
- اساتذہ سے مشاورت

## موضوعاتی مثالیں

**(Indicative Themes)**

ذیل میں پیش کیے گئے موضوعات نمونہ (Indicative) ہیں؛ طلبا انہی موضوعات یا ان سے قریبی ربط رکھنے والے ذیلی عنوانات پر اپنا ڈزرٹیشن تیار کر سکتے ہیں۔موضوع کا دائرہ نصاب سے باہر نہیں ہونا چاہیے۔

- اُردو غزل کی تعریف، آغاز اور ارتقا کا تحقیقی مطالعہ
- اُردو غزل کی فنی و ہیئتی خصوصیات
- ولیؔ دکنی سے غالبؔ تک اُردو غزل کا ارتقائی سفر
- میرؔ تقی میر کی غزل میں سوز و گداز
- غالبؔ کی غزل میں فکر و فلسفہ

- حسرتؔ موہانی اور یگانہؔ چنگیزی کی غزل کا تقابلی مطالعہ
- فراقؔ گورکھپوری اور ناصرؔ کاظمی کی غزل میں جدید حسیت
- اُردو شاعری کی اہم اصناف کا تعارفی مطالعہ
- غزل، نظم اور مرثیہ کا تقابلی جائزہ
- اُردو فکشن کی بنیادی اصناف: داستان، ناول اور افسانہ
- اُردو داستان کی روایت اور فنی خصوصیات
- باغ و بہار بطور کلاسیکی داستان
- فسانۂ عجائب اور فسانۂ آزاد کا تقابلی مطالعہ
- اُردو ناول نگاری کا آغاز اور ارتقا
- نذیر احمد اور اصلاحی ناول
- امراؤ جان ادا: سماجی اور تہذیبی مطالعہ
- اُردو ڈرامے کی روایت اور اہم نمونے
- اُردو میں خاکہ نگاری کا فن اور روایت
- فرحت اللہ بیگ اور مجتبیٰ حسین کے خاکوں کا مطالعہ
- اُردو سوانح نگاری کی روایت
- یادگار غالب بطور سوانحی کتاب
- جوشؔ ملیح آبادی کی خودنوشت کا تنقیدی جائزہ
- اُردو نظم کی تعریف اور ارتقا
- اخترؔ شیرانی اور مجازؔ کی نظموں کا فکری مطالعہ
- فیضؔ، جعفری اور ساحرؔ کی نظم میں سماجی شعور
- حالیؔ اور اقبالؔ کی نظم نگاری
- قومی اور انقلابی نظم کا مطالعہ
- اُردو زبان کی ابتدا کے نظریات
- دکن اور شمالی ہند میں اُردو ادب کا آغاز
- ولیؔ اور سراج کے عہد کی شاعری
- اُردو ادب کا سنہرا دور

- نظیر اکبر آبادی بطور عوامی شاعر
- اُردو افسانے کا آغاز اور ارتقا
- پریم چند کے افسانوں میں حقیقت نگاری
- منٹو اور عصمت چغتائی کے افسانوں کا تقابلی مطالعہ
- کرشن چندر اور بیدی کے افسانوں میں سماجی شعور
- انتظار حسین کے افسانوں میں تہذیبی حسیت
- محمد حسین آزاد اور ابوالکلام آزاد کے انشائیے
- اُردو طنز و مزاح کی روایت
- اکبر الٰہ آبادی اور مشتاق احمد یوسفی کا مطالعہ
- اُردو مرثیے کا فن اور روایت
- انیسؔ اور دبیرؔ کے مراثی کا تقابلی مطالعہ
- اُردو مثنوی نگاری کی روایت
- سحر البیان اور گلزارِ نسیم کا مطالعہ
- اُردو رباعی کا فکری اور فنی جائزہ
- اُردو کی اہم ادبی تحریکیں
- ترقی پسند تحریک اور جدیدیت
- دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنؤ
- اُردو کے اہم ادبی ادارے
- اُردو تنقید کی روایت اور ارتقا
- حالیؔ، آزادؔ اور شبلیؔ کے تنقیدی نظریات
- ترقی پسند اور جدید تنقید
- گوپی چند نارنگ کے تنقیدی تصورات
- ابلاغیات کی تعریف اور اقسام
- اُردو صحافت کا آغاز اور ارتقا
- اُردو کے اہم اخبارات اور صحافی
- الیکٹرانک میڈیا اور اشتہارات

- ترجمہ نگاری کی تعریف اور اصول
- اُردو میں ترجمہ نگاری کی روایت
- ادبی اور صحافتی ترجمے کے مسائل
- مترجم کی ذمہ داریاں اور خصوصیات

## ڈزرٹیشن پروپوزل

**(Research Dissertation Proposal)**

اُردو کے طلبا کے لیے ڈزرٹیشن پروپوزل تحقیقی عمل کی بنیاد ہوتا ہے۔ یہ ایک منظم اور تصوراتی خاکہ (Conceptual Framework) ہے جس میں تحقیق کے مسئلے، اس کے پس منظر اور تحقیقی سمت کو واضح کیا جاتا ہے۔ ڈزرٹیشن پروپوزل 8 تا 10 صفحات پر مشتمل ہونا چاہیے۔

ڈزرٹیشن پروپوزل کو شعبۂ اُردو، اترکھنڈ اوپن یونیورسٹی کو مقررہ ای میل آئی ڈی پر صرف سافٹ کاپی (PDF) کی صورت میں ارسال کرنا ہوگا۔ پروپوزل کی منظوری کے بعد ہی اصل تحقیقی کام شروع کیا جائے گا۔

## ڈزرٹیشن پروپوزل کے لازمی اجزا

- عنوان/موضوع کا انتخاب (Selection of Topic):

تحقیق کے لیے ایسا عنوان منتخب کیا جائے جو نصاب سے ہم آہنگ، تحقیقی اعتبار سے اہم اور مواد کی دستیابی کے لحاظ سے موزوں ہو۔ عنوان مختصر، واضح اور بامعنی ہونا چاہیے۔

- مسئلۂ تحقیق اور مفروضہ (Research Problem and Hypothesis):

تحقیقی مسئلہ واضح الفاظ میں بیان کیا جائے۔ اسی کی بنیاد پر مفروضہ (Hypothesis) تشکیل دیا جائے جو تحقیق کے دوران جانچا جاسکے۔

- مطالعے کی اہمیت وافادیت (Significance of the Study)

اس حصے میں یہ واضح کیا جائے کہ منتخب موضوع پر تحقیق کیوں ضروری ہے اور یہ تحقیق علمی وسماجی سطح پر کیا اہمیت رکھتی ہے۔

- مقاصدِ تحقیق (Objectives of the Study)

تحقیق کے مقاصد واضح اور نکتے وار درج کیے جائیں تا کہ تحقیق کی سمت متعین ہو سکے۔

- تحقیقی طریقۂ کار (Research Methodology)

تحقیق میں اختیار کی جانے والی طریقۂ تحقیق کا تفصیلی ذکر کیا جائے، جیسے: ادبی و تاریخی تجزیہ تقابلی مطالعہ تنقیدی طریقۂ کار متنی تجزیہ

- تحقیقی خاکہ (Research Design)

تحقیق کی ساخت اور ترتیب کو واضح کیا جائے تا کہ مطالعہ منظم اور مربوط رہے۔

- مواد کے حصول کے ذرائع (Sources of Data)

تحقیق میں درج ذیل ماخذات سے استفادہ کیا جا سکتا ہے:

- ابتدائی ماخذات (Primary Sources)

ادبی متون، دوّاوین، افسانے، ناول، خطوط، مخطوطات، انٹرویوز

- ثانوی ماخذات (Secondary Sources)

تنقیدی کتب، تحقیقی مقالے، جرائد، اخبارات، آن لائن ڈیٹا بیس

- تجزیہ، تعبیر اور رپورٹ نویسی (Analysis, Interpretation and Report Writing)

جمع شدہ مواد کا منطقی اور تنقیدی تجزیہ کیا جائے اور نتائج کو مربوط انداز میں پیش کیا جائے۔

- تحقیق کی تقسیم (Chapterisation of Dissertation)

ڈزرٹیشن میں شامل حصوں/ابواب اور ان کے مندرجات کی وضاحت کی جائے۔

# ڈزرٹیشن کے لیے متوقع خاکہ

## (Outline of Research Project)

- تعارف رتمہید
- موضوع کا پس منظر اور اہمیت
- سابقہ تحقیق کا جائزہ
- تحقیقی طریقۂ کار
- متن یا مواد کا تجزیہ
- نتائج و مباحث
- اختتامیہ
- حوالہ جاتی فہرست

# ڈزرٹیشن کے متوقع نتائج

## (Expected Outcomes of Dissertation)

- تعلیمی نتائج

  تحقیقی اور تنقیدی صلاحیت میں اضافہ

  اُردو ادب کی تفہیم میں گہرائی

- سماجی و ادبی اثرات

  ادبی شعور کی بیداری

  اُردو ادب اور سماج کے تعلق کی وضاحت

- انفرادی ارتقا

  خود اعتمادی اور اظہار کی صلاحیت

  اعلیٰ تعلیم و تحقیق کے لیے تیاری

# ڈزرٹیشن کےسرورق کانمونہ

## (Format of Cover Page)

- ڈزرٹیشن کےسرورق(First Page) پردرج ذیل تفصیلات واضح طور پردرج ہونی چاہئیں:

ڈزرٹیشن کاعنوان

یونیورسٹی کامونوگرام

بیچلرآف آرٹس ڈگری کی جزوی تکمیل کے لیے پیش کردہ تحقیقی مقالہ

پیش کردہ ڈزرٹیشن

بی۔اے۔پنجم سمسٹر،

انرولمنٹ نمبر

اسٹڈی سینٹرکانام

سپروائزر رفسیلیٹیٹر کاپورانام

اترکھنڈاوپن یونیورسٹی

سال

# ڈزرٹیشن کا عنوان

بیچلر آف آرٹس ڈگری کی جزوی تکمیل کے لیے پیش کردہ تحقیقی مقالہ

از

**پیش کردہ ڈزرٹیشن**

بی۔اے پنجم سمسٹر

انرولمنٹ نمبر

اسٹڈی سینٹر کا نام

نگراں

**سپروائزر/فسیلیٹیٹر کا پورا نام**

اسسٹنٹ پروفیسر

شعبۂ اُردو

اُتراکھنڈ اوپن یونیورسٹی

سال

# TITLE OF THE DISSERTATION

*A Research Dissertation Submitted in Partial Fulfillment of the Requirements for the Degree of Bachelor of Arts (B.A.)*

Submitted by

**[Name of the Student]**

B.A. Fifth Semester

Enrollment No.:

Study Centre:

Supervisor / Facilitator

**[Full Name of the Supervisor]**

Assistant Professor (AC)

Department of Urdu

Uttarakhand Open University

Year: __________

## PERFORMA FOR SUBMISSION OF DISSERTATION PROPOSAL
## (For Approval by the Facilitator – Discipline of Urdu)

**Enrollment Number:** ____________________________________________

**Title of the Dissertation:** ____________________________________________
____________________________________________

**Date of Submission:** ____________________________________________

**Name of the Study Centre:** ____________________________________________

**Name of the Regional Centre:** ____________________________________________

**Name of the Facilitator:** ____________________________________________

***Details of the Facilitator:-***
**Name:** ____________________________________________
**Designation & Address:** ____________________________________________
____________________________________________

**Phone Number:** ____________________________________________
**Email ID:** ____________________________________________

***Details of the Student:***
**Name:** ____________________________________________
**Address:** ____________________________________________
____________________________________________

**Phone Number:** ____________________________________________
**Email ID:** ____________________________________________

***Recommendation of the Facilitator:***
**Approved / Not Approved**

**Remarks (if any):**
____________________________________________
____________________________________________

**Signature of the Facilitator:** ____________________________________________

**Date and Place:** ____________________________________________

# DECLARATION

I hereby declare that the dissertation entitled ________________________________________
________________________________________________________________________________
________________________________________________________________________________
(WRITE THE TITLE IN BLOCK LETTERS) submitted in partial fulfillment of the requirements for the B.A. Vth Semester to Uttarakhand Open University (UOU) is my original work. This dissertation has not been submitted earlier to any other university or institution for the award of any degree, diploma, or for any other programme of study.

I further declare that no part or chapter of this manuscript, either in whole or in part, has been copied, lifted, or incorporated from any earlier work carried out by me or by any other person, except where due acknowledgement has been made in the text.

**Date :** ___________________________

**Place:** ___________________________

**Signature of the Student:** _______________

**Enrolment Number:** ______________________

**Name of the Student:** ______________________________________________________________

**Address:** ____________________________________________________________________________
________________________________________________________________________________________
________________________________________________________________________________________

# CERTIFICATE

This is to certify that Mr./Ms. ___________________________________________________ ________________________________ a student of B.A. $V^{th}$ Semester of Uttarakhand Open University (UOU), Haldwani, has carried out his/her dissertation work under my supervision and guidance for the course B.A.

The dissertation entitled _______________________________________________________ ________________________________________________________________________

submitted by him/her is his/her genuine and original work and is fit for submission in partial fulfillment of the requirements for the award of the B.A. degree.

***(To be filled by the Facilitator)***

**Signature of the Facilitator:** ____________________

**Name:** ________________________________________________________________________

**Address:** ____________________________________________________________________
________________________________________________________________________________
________________________________________________________________________________

**Phone Number:** _________________________

**Email ID:** ________________________________

**Date:** ___________________________________

**Place:** __________________________________





اُترا کھنڈ اوپن یونی ورسٹی، ہلدوانی (نینی تال)

**SCHOOL OF HUMANITIES**


**UTTARAKHAND OPEN UNIVERSITY**

**Teenpani Bypass Road, Behind Transport Nagar**

**Haldwani - 263 139, Nainital (Uttrakhand)**

**Phone: 05946-261122, 261123 Fax No.: 05946-264232**

**www.uou.ac.in     email: info@uou.ac.in**

**Toll Free No: 1800 180 4025**


**https://www.youtube.com/@uoulive**

اُترا کھنڈ اوپن یونیورسٹی کا عوامی ریڈیو جس کے ذریعہ طلباء کے لئے مفید پروگرام نشر کیے جاتے ہیں:

**https://www.youtube.com/@91.2fmhellohaldwani7**

تعلیمی رہنمائی اور تازہ معلومات کے لیے ہمارے آفیشل فیس بک پیج اور ٹیلی گرام گروپ سے جڑیں:

**https://www.facebook.com/share/1JyY2wfQ56/**

**https://t.me/+YUciG0acEWAwMTdl**